Fair

٢٦

ایگل فلمز کا تیار کردہ	لینٹ پکچرز کا تیار کردہ
# جادوگر	# شیر دل
# जादूगर	# शेरदिल
ہیرو، نیلما، اورت رانا وغیرہ	نادیا، جرمن کاربر، پرکاش، شاردا، وغیرہ وغیرہ



جادوگر کے گانے

نمبر ۱

جیون اور آشا:۔

جیون:۔ آئی بہار رے لے کے پیار جھوم اُٹھا سنسار
دل کے مٹ گئے غم، ہل مل ہل لارا گائیں ہم
ہو دھم پک......

دل میں ہے بس ایک تمنا
کون ہے جو اب سامنے آئے
بدلے جگ کا رنگ

آج بسالیں پیار کی دنیا
دل کو ہمارے تھامنے آئے
گائے ہمارے سنگ

ہو دھم پک......

آشا:۔ گیت کے بکھرے بول کو چننے۔ درد بھری آواز کو سننے
ٹھیر گئی ہیں چلتی ہوائیں۔ جاگ پڑی ہیں سوئی فضائیں

جیون:۔ کیوں نہ اکڑیں ہم۔ بات یہ کیا ہے کم۔ ہو دھم پک...

جیون } آئی بہار رے لے کے پیار۔ جھوم اُٹھا سنسار
آشا } دل کے مٹ گئے غم۔ ہل مل ہل لارا گائیں ہم
ہو دھم پک......

نمبر ۲

آ چل رے پردیسی سجن آ جا رے، تیری میری پریت ہے۔

دل میں ہے یاد تیری ہونٹوں پہ گیت ہے۔
تیری میری، میری تیری پریت ہے
کیسے کہوں مجھے اپنا بنا لے۔ بڑھ کے مجھے اپنے دل میں چھپا لے
رہ رہ لجانا بلم نینوں کی ریت ری۔ تیری میری میری تیری پریت ہے۔
تیر نگاہوں کے پھر سے چلیں گے۔ دشمن ہمارے دل میں جلیں گے
دنیا کی ہار ہے یہ الفت کی جیت ہے۔
تیری میری، میری تیری پریت ہے۔
ہر دکھ محبت کا ہنس کے سہوں گی
جو کچھ پڑے گی نہ منہ سے کہوں گی
جاؤں میں صدقے تیرے تو من کا میت ہے۔
تیری میری، میری تیری پریت ہے۔

آشا سندر اور کورس :-

نمبر ۳

آشا :- دل یاد میں جن کی جلتا ہے، ان سے ہی چھپانا پڑتا ہے
اس دل کی لگی کو سمجھے خدا۔ کیا ڈھونگ رچانا پڑتا ہے
سندر :- پہچان سکیں گے کیا دشمن، ہم بھیس بدل کے آئے ہیں
آشا :- خاموش تو رہ فریاد نہ کر
یہ غم تو اٹھانا پڑتا ہے۔
پوچھو نہ فسانہ الفت کا یہ صورت سامنے رکھتی ہے

نظر بن ہیں کہیں اور دل ہے کہیں ۔ یہ حال بنانا پڑتا ہے۔
سُندر :۔ تقدیر کے آگے دُنیا کی ۔ بیکار ہیں ساری تدبیریں
تلوار چلانے والوں کو ، باجا بھی بجانا پڑتا ہے۔
آشا :۔ اِن کا نہ پینے ہونٹوں سے
اِن کے ظُلموں کی شکایت کیا ہوگی
جب سامنے وہ آجاتے ہیں ، نظروں کو جُھکانا پڑتا ہے۔

نمبر ۴

آشا :۔ سارے جگ میں کھوج کے تجھکو نین گئے ہیں ہار
اپنا بنا کے چھوڑنے والے ، یہ تو نہیں ہے پیار
آجارے پردیسی سجن آجارے ۔ تیری میری پریت ہے۔
دل میں ہے یاد تیری ہونٹوں پہ گیت ہے۔
تیری میری ....
کیسے کہوں مجھے اپنا بنا لے
بڑھ کے مجھے اپنے دل میں چھپا لے
رہ رہ لجانا بلم نینوں کی ریت ہے
تیری میری ، میری تیری پریت ہے۔

(ختم شد)

شیر دل کے گانے

نمبر ۱

رانی :- ہمارے پیار کی رفتار - ہے ایسی جیسے موٹر کار
منگلا :- رُک کے گا قسمت کا سپاہی، تمکو ہاتھ دکھا کے
رانی :- گاڑی ابھی گھر نہیں آئی - ہو نمبر نوٹ کرا کے
منگلا :- یہ اوور ٹیکنگ ہے بیکار - ہمیشہ کی ٹھو دھی رائٹ سرکار
" یہ منزل دُور نہیں ہی، دُور نہیں ہے - دُور نہیں ہے ہمارے...
رانی :- پریم سڑک پر چلیں کھٹا کھٹ ارمانوں کے پہیے
منگلا :- یہ منزل کانٹوں سے بھری ہے سنٹر بچ کے رہیے
رانی :- چلانے والا ہے ہشیار، تمہارا رونا دھونا ہے بیکار
" :- پریم نگر میں جا کر خریدیں، پاؤڈر، ساڑیاں، جمپر
منگلا :- جی ہی ہاتی موں رستے ہی میں ٹوٹ جائیگا ٹمپر
" ہو گا کوئی مددگار، ہمیشہ کی پٹو دھی رائٹ سرکار

نمبر ۲

پردیسی :- او دل والی متوالی
ملنے لگا ہے تیرا میرا پیار تھوڑا تھوڑا - دل ہلنے لگا پیار سی گلزار تھوڑا تھوڑا
شیاما :- جا جا بات بنا نیوالے، تن کے اُجلے من کے کالے

چال میں تیری آ جائیں ہم، نہیں ہیں بھولے بھالے

پردیسی:۔ اس بھولے پن میں پیار کا اظہار تھوڑا تھوڑا۔
دل ہونے لگا پیار سے گلزار تھوڑا تھوڑا۔

ٹن ٹن ٹن تیری گھنٹی بولے۔ جس کو سن میرا من ڈولے
دل کا درپن توڑ نہ دینا، چلنا ہولے ہولے

شیاما:۔ کیا ہو گیا عشق کا بیمار تھوڑا تھوڑا

پردیسی:۔ ان آنکھوں میں پیار کا اظہار تھوڑا تھوڑا۔ ہونے لگا...
گھوم گھوم کے جھوم جھوم کے پیار تیرا بڑھتا جائے
ہائے دل میرا گھبرائے۔ کہیں ٹھوکر نہ لگ جائے
دل ہو گیا دل کا گرفتار تھوڑا تھوڑا۔

شیاما:۔ دل ہونے لگا پیار سے گلزار تھوڑا تھوڑا۔

نمبر ۳

میری آنکھوں میں میرے دل میں سما جانے والے۔ ارے او جلنے والے دل تڑپا جانے والے
یاد میں تیری صنم رات دن رو دیئے ہم۔ بھول نہ جانا کہیں دیکھے پیار کا غم
میرے ارمانوں کی دنیا جگمگانے والے۔ تو جہاں جائیگا جائیگی تمنا میری
تیرے قدموں سے لپٹی ہوئی دنیا میری۔

میرا اقرار تو ہے دل کی بہار تو ہے۔ تیری دیوانی میں ہوں میرا دلدار تو ہی
میری امید میں ہلچل مچا کے جانے والے

نمبر ۴

شیاما :- او ریت جنا تو اے بتا، کیا پریت اسی کو کہتے ہیں
کھیل جو کھیلا ہے تو نے - کیا جیت اسی کو کہتے ہیں
دنیا نے سمجھا ہے دل کا لگانا، ہائے دل کا لگانا
تن من لٹایا ہے جس کی لگن پر - دھرتی پہ میں ہوں وہ ہے گگن پر
اے ردگی منوا یہ کیوں نہ جانا
ہوگا بھلا کیسے میل اپنا بیگانہ ہے ظالم زمانہ
پردیسی :- گگن دھرتی کے ہی سہارے کھڑا ہے -
محبت میں نہ کوئی چھوٹا نہ بڑا ہے
تو میری ہے دھڑکن میں تیری لگن ہوں
نہ ہوگا بھلا کیسے میل، سنے گا زمانہ، دلوں کا ترانہ
شیاما :- میں الجھی ہوں جس سے وہ زنجیر تم ہو
پردیسی :- مری زندگی مری تقدیر تم ہو
شیاما :- نرالے ہو تم، ہے نرالا زمانہ
پردیسی :- نرالا دلوں کا ہے کھیل، ہنس کر رلانا - رلا کر ہنسانا
شیاما و پردیسی :- پیار انوکھا ہے کھیل سنے یہ فسانہ تو جھومے زمانہ

نمبر ۵

رانی :- پیار میں کسی کے تیرا برا حال ہے -

گردش میں ستارا تیرا ہے پورے سال ہے ۔ پیار میں ....

منگلا :۔ اچھا جی دیکھو تو ذرا دل کی لکیر

میرے دل کی لکیر، میرے دل کی لکیر

رانی :۔ سچ بتاؤں دل پہ لگا کس کا ہے تیر

منگلا :۔ کس کا ؟

رانی :۔ جس پہ تیرا دل ہے بڑا بانکا جوان ہے ۔

قطب مینار سے بھی اونچی اسکی شان ہے ۔

او گوری تیرے پیار میں بڑا پریشان ہے ۔ جس پہ تیرا ...

منگلا :۔ مجھ سے کوئی پیار کرے کس کی مجال ہے ۔ پیار میں ....

کون ہے ، رہتا ہے وہ کونسی گلی میں

میں نہ جانوں پیار ہوا کب بھنورے اور کلی میں

رانی :۔ بھوک ہاتھ کھاؤ گی یا جیب میں کچھ مال ہے ۔

پیار میں ....

آنکھ اپنی بند کرے او گوری یار ۔ بلاؤں اسے کھینچ کے میں جادو کا تار

کھول سے اب آنکھ اپنے پی کو پکار ۔ ہاتھ کی صفائی ہے نجوم کا کمال ہے

منگلا :۔ اچھا جی آپ کی اور یہ مجال ہے ۔ پیار میں

(ختم شد)